نیکیں کارکنوکانی مُز جنت انت	نیک کام کرنے والے کا صلہ جنت ہے
نہ توں وت کارے کنے نہ دگرءَ موہ دئے	نہ آپ خود کام کرتے ہوں نہ دوسروں کو موقع دیتے ہو
مات وپتانی نافرمانی کنوک بدنصیب انت	ماں باپ کی نافرمانی کرنیوالا بدنصیب ہے
نزانا کئےءَ بے دُست پہت کت انت	نہ معلوم کس نے بغیر پوچھے اٹھا لیے
بازروچ انت یک نمدی اے نیا تکگ	بہت دنوں سے ایک خط نہیں آیا
ہر وھدءَ چہ اللہءَ دعا بلوٹ	ہر وقت اللہ سے دعا مانگا کرو
شریں چیزاں بزور بدیں عادتاں ویل کن	اچھی چیزیں لے لو بری عادتیں چھوڑ دو
اللہءِ ترس دلاں روشناں کنت	اللہ کا خوف دلوں کو منور کرتا ہے
اللہءِ ذکرءَ چے بے حال بو	اللہ کے ذکر سے غافل مت رہو
اللہ چہ گمراہیں زندءَ رستگار بکنت	اللہ گمراہی کی زندگی سے بچائے
شراب تمامیں حرابیانی مات انت	شراب تمام برائیوں کی ماں ہے
مردمءِ شرف وعزت علمءَ تہا انت	آدمی کی عزت علم میں ہے
ظالمءِ آسر بد انت	ظالم کا انجام برا ہے
وتی چادرءَ بچار پاداں دراج کن	اپنا چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہیے
زاوام انت ہر کسءَ دئے پدا دئیت	گالی ادھار ہے جس کو دوگے واپس کریگا
ہر ساہ دارے موتءِ تام چشکی انت	ہر جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے
موتءَ چے پیسر موتءِ تیاری بکن	مرنے سے پہلے موت کی تیاری کرو
نماز قبرءِ روشنائی انت	نماز قبر کا نور ہے
دینءَ چہ ہر چیزءَ دیمءَ بدار	دین کو ہر شے پر مقدم رکھو
کسے زہر گریت شر کسے دوست بیت شر	چاہے کسی کو اچھا لگے یا کسی کو برا لگے
بلوچی دربرگ آسان انت	بلوچی سیکھنا آسان ہے
بلوچی بوان بلوچیءَ گپ بجن	بلوچی پڑھے بلوچی بولیں
پرچا کہ بلوچی مئے وتی شہدیں زبان انت	کیونکہ بلوچی ہماری میٹھی زبان ہے
بلوچی سک کہنیں زبان انت	بلوچی بہت پرانی زبان ہے

سبق ۵۳

بلوچی مکالمہ (ماں بلوچیءَ گپ وتران)

	بلوچی	اردو
سوال:	اے کتاب پہ کےءِ ہیسگ بوتگ؟	یہ کتاب کس کے لئے لکھی گئی ہے؟
جواب:	اے کتاب پا ردوزانوکاں ہیسگ بوتگ	یہ کتاب اردودان حضرات کے لئے لکھی گئی ہے
سوال:	اردوزانوک اگاں اے کتابءِ بوانیت تہ گڈا آ بلوچیءِ پوہ بیت؟	اگر اردودان اس کتاب کو پڑھے تو پھر وہ بلوچی کو سمجھ لیگا؟
جواب:	بلے گڈا آ تو نیت کہ بلوچیءِ پوہ بیت	ہاں پھر وہ بلوچی سمجھ سکتا ہے
سوال:	اے کتاب ماں چنکس باباں بہر کنگ بوتگ؟	یہ کتاب کتنے ابواب میں منقسم ہے؟
جواب:	اے کتاب ماں چار باباں بہر کنگ بوتگ	یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے
سوال:	مرے کتابءِ اوّلی بابءِ چنکس سبق اَنت؟	اس کتاب کے باب اوّل میں کتنے اسباق ہیں؟
جواب:	مرے کتابءِ اوّلی بابءِ ۵۳ سبق (ورونت) انت	اس کتاب کے باب اول میں ۱۵۳ سباق ہیں
سوال:	مرے سبقان سے چیش وارگ بوتگ؟	ان سبقوں میں کیا بتلایا گیا ہے؟
جواب:	مرے سبقانءِ تھک روچی گپ وترانءِ بابتءِ وڑوڑیں لبز بیان کنگ بوتگ انت تا نکہ پوانوکاں بلوچی دربرہ آسان بہ بیت	ان سبقوں میں روزمرہ کی بات چیت کے بارے میں ہر قسم کے الفاظ بیان کئے گئے ہیں تا کہ پڑھنے والوں کے لئے بلوچی سیکھنا آسان ہو جائے
سوال:	اے کتابءِ مفردات ہست انت؟	اس کتاب میں مفردات ہیں؟
جواب:	بلے مدا اے کتابءِ تھک سرحالءِ سرا مفردات نبیگ بوتگنت	ہاں اس کتاب میں ہر عنوان پر مفردات لکھے گئے ہیں

	بلوچی	اردو
سوال:	پہ اے کتاب ءِ وانینگ ءَ استاذ ءِ ضلورت ہست انت؟	اس کتاب کے پڑھانے کے لئے استاد کی ضرورت ہے؟
جواب:	استاذ بہ بیت تہ گُڈا شرتر انت چوناں ئی ءَ استاذ ءَ بید ہم اے کتاب جوان انت	استاد ہو تو پھر بہتر ہے ویسے استاد کے بغیر بھی یہ کتاب اچھی ہے
سوال:	اِے کتاب ءِ نام چی اِنت؟	اس کتاب کا کیا نام ہے؟
جواب:	اِے کتاب ءِ نام انت "بلوچی معلم" "بلوچی معلم" ءِ بزانت انت "بلوچی ءِ استاذ" یا بلوچی زبان ءِ "سوج دیوک"	اس کتاب کا نام "بلوچی معلم" ہے "بلوچی معلم" کے معنی "بلوچی استاد" یا بلوچی زبان کا "رہبر" ہے
سوال:	آیا بلوچی گرانیں زبان انت؟	کیا بلوچی مشکل زبان ہے؟
جواب:	انا! بلوچی گران نہ انت بلکیں بلوچی ئِے ہمگ سک آسان انت	نہیں! بلوچی مشکل نہیں ہے بلکہ بلوچی سیکھنا بہت آسان ہے
سوال:	شریں! اے کتاب ءِ وانگ ءَ رند بلوچی وانگ و نبیسگ پہ ما آسان بیت؟	اچھا اس کتاب کو پڑھنے کے بعد بلوچی پڑھنا اور لکھنا ہمارے لیے آسان ہوگا؟
جواب:	اوں! اے کتاب ءَ گوں شری ءِ وانگ ءَ رند تو بلوچی وانگ و نبیسگ ءَ زیرہ بئیں	جی ہاں! اس کتاب کو اچھی طرح پڑھ لینے سے بلوچی لکھنے پڑھنے میں ہوشیار ہو جائینگے
سوال:	اے کتاب ءِ دومی باب ءَ چی اِنت؟	اس کتاب کے دوسرے باب میں کیا ہے؟
جواب:	مرے کتاب ءِ دومی باب ءَ بلوچی ءِ گرامر بزان قاعدہ و دستور بیان بوتگنت	اس کتاب کے باب دوم میں بلوچی گرامر یعنی قاعدہ وقوانین بیان کیے گئے ہیں
سوال:	سیمی باب چی ءِ بابت ءَ انت؟	تیسرا باب کس کے متعلق ہے؟
جواب:	ماں سیمی باب ءَ لہتیں نمدی نبشتہ بوتگ انت	تیسرے باب میں کچھ خطوط لکھے گئے ہیں
سوال:	ماں چھارمی باب ءَ چی اَنت؟	باب چہارم میں کیا ہے؟
جواب:	ماں چھارمی باب ءَ بلوچی بتل و گالوار بیان کنگ بوتگنت	باب چہارم میں بلوچی ضرب المثل اور محاورے بیان کیے گئے ہیں

باب دوم
بلوچی قواعد کا بیان

لبزءِ معرفی:

حبر کنان ءِ ماچہ دپ ءِ ہرچ توارے کہ درا کشیں، آڑا لبز کشت۔ پُٹش کہ
روچ، شپ، مروچی، باندا، برنج، چپک

لبزءِ قسمانی بیان:

لبزءِ دو قسم انت ۱: کلمہ، ۲: مہمل

کلمہ:

کلمہ ہما لبز انت کہ آ معنی و مطلب وار یت
پُٹش کہ نان، شپ، روچ وغیرہ

مہمل:

مہمل ہما لبز انت کہ آ ہچ معنی و رشان نہ کت پُٹش کہ "نان مان" ادا مان مہمل لبز انت کہ ایشی ءِ ہچ معنی نیست انت، البت نان کلمہ انت و معنی ھم وار یت۔

کلمہءِ قسمانی بیان:

کلمہءِ سے قسم انت

(۱) حرف

(۲) اسم

(۳) فعل

لفظ کی تعریف:

بات کرتے ہوئے ہم مُنہ سے جو آواز نکالتے ہیں اس کو لفظ کہتے ہیں۔ مثلاً
دن، رات، آج، کل، چاول، لڑکا وغیرہ

لفظ کی قسمیں:

لفظ کی دو قسمیں ہیں ۱: کلمہ، ۲: مہمل

کلمہ:

کلمہ وہ لفظ ہے جو معنی رکھتا ہے
جیسے روٹی، رات، دن، وغیرہ

مہمل:

مہمل وہ لفظ ہوتا ہے جو معنی نہیں رکھتا ہے جیسے "نان مان" یہاں مان مہمل لفظ ہے جس کے کچھ معنی نہیں جبکہ نان کلمہ ہے اور معنی بھی رکھتا ہے۔

کلمہ کی قسمیں:

کلمہ کی تین قسمیں ہیں

(۱) حرف

(۲) اسم

(۳) فعل

سبق ۵۴

حرف

حرف: ہما کلمہ انت کہ آ ہمیاں ءِ جوڑ ینگ ءِ کا رءَ ںت ءِ چِش کہ احمد شہ لوگ ءَ تا ان مسیت ءَ شُت کمرے جملہ ءِ (شہ) و (تا ں) حرف انت کہ آ ہانی مدت ءِ چے جملہ ءِ معنی درشا ن بوگا انت۔

حرف: وہ کلمہ ہے کہ جو جملوں کو بنانے میں کام آتا ہے مثلاً احمد گھر سے مسجد تک گیا اس جملہ میں (سے) اور (تک) حروف ہیں کہ جنکی مدد سے جملے کا مطلب ادا ہو رہا ہے۔

حرف کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
شہ لوگ ءَ درا	گھر سے نکل جاؤ
آرتا ں ماں باردان ءَ مان کن	آٹا بوری میں ڈال دو
اے زھگ ءَ داں مسیت ءَ سر کن	اس بچہ کو مسجد تک پہنچاؤ
اچ وتی برات ءَ حالاں پُرس	اپنے بھائی سے احوال معلوم کرو
آپ چہ بُن ءَ ہلر ءَ نت	خرابی بنیاد میں ہوتی ہے
نوں آپ چہ سر ءَ گوستگ	اب پانی سر سے اونچا ہو گیا ہے
چہ باردان ءَ برنج مکش	بوری سے چاول مت نکالو
من ماں بازار ءَ شُتوں	میں بازار میں گیا تھا
ایگو بیائیت و نان بوریت	یہاں آؤ اور روٹی کھالو
اچ رب بترس	رب سے ڈرو

ماں اے زیرءِ بر گشگیں ہمیاں شہ، ماں، داں، اچ، چہ حرف انت چہ ایشانی کارمرزی ءَ جملہ ءِ وتی معنی ءَ شری ءَ درشان کوت

مندرجہ بالا جملوں میں سے، میں، تک، اور سے حرف ہیں کہ جنکے استعمال سے جملہ اپنے معنی بخوبی ظاہر کرتا ہے

سبق ۵۵

اسم کا بیان

اسم ءِ دو قسم انت: ۱۔ اسم معرفہ، ۲۔ اسم نکرہ

اسم معرفۃ: ہما کلمہ انت کہ کجام ہم مردے، جاگہے، یا چیزے ءِ نام ءِ درشان بکنت، و آئی ءِ یک معنی ءِ ہم بیت، پچش کہ سہیل، تربت، کتاب، برنج، شپ، قلم، دربہ جاہ وغیرہ

اسم نکرۃ: ہما کلمہ انت کہ آئی ءِ تہا اسم وتی عمومی مفہوم و آئی ءِ خصوصیت ءَ پدر بکنت، پچش کہ یاسر وتی پتے یکیں وانگیں چک انت، اِدا یکیں وانگیں چک یاسر ءِ مفہوم و آئی ءِ خصوصیت ءِ درشان کنگا انت۔

اسم کی دو قسمیں ہیں ۱۔ اسم معرفہ، ۲۔ اسم نکرہ

اسم معرفۃ: وہ کلمہ ہے جو کسی آدمی، جگہ، یا چیز کے نام کو ظاہر کرے اور اس کے کچھ معنی بھی ہو۔ مثلاً سہیل، تربت، کتاب، چاول، رات، قلم، اسکول وغیرہ

اسم نکرۃ: وہ اسم ہے کہ جس میں اسم اپنا عمومی مفہوم اور اسکی خصوصیت کو ظاہر کرتا ہے، مثلاً: یاسر اپنے باپ کا اکلوتا بیٹا ہے، یہاں اکلوتا بیٹا یاسر کے مفہوم اور اسکی خصوصیت کو ظاہر کرتا ہے۔

اسم معرفہ کی چند مثالیں

بلوچی	اردو
تئی نام کئے انت	آپ کا نام کیا ہے
من چہ کراچی ءَ آتکگوں	میں کراچی سے آیا ہوں
منی مداد کجا انت	میری پنسل کہاں ہے

اسم نکرہ کی چند مثالیں

بلوچی	اردو
تربت ضلع مکران ءِ مزنیں شہر انت	تربت ضلع مکران کا بڑا شہر ہے
گوادر بلوچستان ءِ مزنیں بندن انت	گوادر بلوچستان کی بڑی بندرگاہ ہے
کینگی مزنیں رہ گول انت	کینگی بڑا سیاح ہے

سبق ۵۶

اسم فاعل کا بیان

اسم فاعل ھما اسم انت کہ چہ ائی ءِ کار کنوک ءِ معنی سہرا بیت چوشکہ جنوک، زوروک وتی معنی و مطلب ءِ روءَ پیش دارنت کہ چے ہمیں کار انجام دیگ بوتہ۔

اسم فاعل وہ اسم ہے کہ جو کام کرنے والے کے مفہوم کو ادا کرتا ہے۔ جیسے مارنے والا، لینے والا، یہ کام کرنے والے کے مفہوم کو نمایاں کرتے ہیں۔

اسم فاعل کی چند مثالیں

بلوچی	اردو
رحم کنوک ءَ خدا دوست داریت	رحم کرنے والے کو خدا دوست رکھتا ہے
میر جالاں ءِ کشوک دزگیر بوتگنت	میر جالاں کے قاتل گرفتار ہوئے ہیں
ماہبانو شرّیں ہارشت گراروک انت	ماہبانو اچھا سالن پکانے والی ہے

اسم مفعول کا بیان

اسم مفعول ھما اسم انت کہ بوتگیں کارءِ معنی و مطلب ءِ ورشان کنت۔ چوشکہ "احمد ءِ سر آرتگیں، و کریم ءِ داتگیں، اے ھما ھانی تہا (سر آرتگیں) و (داتگیں) بوتگیں کارءِ ورشان کنگ بوتگ۔

اسم مفعول وہ اسم ہے کہ جس پر کوئی کام ظہور پذیر ہو جائے جیسے "احمد کا جھوٹا" اور کریم کا دیا ہوا، ان جملوں میں (جھوٹا)، (دیا ہوا) کام کے ظہور کو نمایاں کرتے ہیں۔

اسم مفعول کی چند مثالیں

بلوچی	اردو
داتگیں داد انی پد ءَ ہما مردجن انت	دی ہوئی چیزوں کی جستجو بزدلوں کا شیوہ ہے
منی ونتگیں کتاب ءَ بیار	میری پڑھی ہوئی کتاب لاؤ
دزتگیں کاتیگر پدگراں دزگیر کرتگنت	چرائے ہوئے بیل کھوجیوں نے کھوج لیے

اسم صفت کابیان

اسم صفت ہما کلمہ انت کہ آوتی اسم ءِ حالت ءِ درشان کنت توری آئی ءِ شری ءِ ظاہر بکنت یا کہ خرابی ءِ سہرا بکنت چوشکہ "سہریں گدٗ"، "دراجیں انسان"، "زورمندیں کاٹیگر"، زبان دراجیں جنین اے دراہیں صفت انت کہ اسم ءِ حالت ءِ پدر کنت۔

اسم صفت وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی حالت کو ظاہر کرے پھر چاہے اس کی خوبی کو بیان کرے یا برائی کو نمایاں کرے جیسے سُرخ کپڑا، لمبا انسان، طاقتور بیل، زبان دراز عورت یہ سب صفت ہیں، جو اسم کی حالت کو ظاہر اور نمایاں کرتے ہیں۔

اسم صفت کی چند مثالیں

بلوچی	اردو
سیاھیں مینڈو اب انت	کالی کتیا سوئی ہوئی ہے۔
سلیم مزنیں لائقیں مردے انت	سلیم بڑا لائق انسان ہے
اکبر سرمچاریں ورنا ئے انت	اکبر ایک بہادر نوجوان ہے

مشقی سوالات

سوال نمبر ۱: لفظ کی تعریف بیان کریں، نیز اس کی قسمیں بھی لکھیں؟

سوال نمبر ۲: اسم کی قسمیں بیان کریں، اور ان کو مثالوں سے واضح کریں؟

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل جملوں کی صفت بتائیں؟

۱۔ میر چاکر سرمچاریں بلوچے ات ۲۔ رفیق ایک ماہر انجینیر ہے

۳۔ احمد اپنے سامان بھول گیا ۴۔ مارنے والے سے بچانے والا بڑا ہوتا ہے

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل جملوں کو اردو میں ترجمہ کریں؟

۱۔ تئی ءُ زگیں کاٹیگر پہ گراں وزگیر کنت ۲۔ داتگیں دادانی پدءَ مردجنت

۳۔ رحم کنوک ءَ اللہ دوست داریت ۴۔ نور محمد سرمچاریں مردے بوتگ

سبق ۵۷

اسم ضمیر کا بیان

اسم ضمیر: ھما لفظ انت کہ اسم ءِ بدل ءَ کارمرزگ بیت، چوں کہ **احمد آتک و آ یک کرے ءَ نشت و نشت**

مہ اے جملے تہا ''آ'' اسم ضمیر انت کہ احمد ءِ بدل ءَ کارمرزگ بوتگ ۔ اسم ضمیر ءَ "عوضی اسم" ہم گشنت

بلوچی زبان ءَ تہا پہ اسم اشارہ دو لبز کارمرزگ بنت، "اے" پہ اسم اشارہ نزیک ءَ و "آ" پہ اسم اشارہ بعید ءَ کارمرزگ بیت۔

اسم ضمیر: وہ لفظ جس کو اسم کی جگہ استعمال کیا جائے مثلاً **احمد آیا اور وہ ایک کونے میں جاکر بیٹھ گیا**

اس جملے میں "وہ" اسم ضمیر ہے جو کہ احمد کی جگہ میں استعمال ہوا ہے اسم ضمیر کو "عوضی اسم" بھی کہتے ہیں ۔

بلوچی زبان میں اسم اشارہ کے لئے دو الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، "اے" اسم اشارہ قریب اور "آ" اسم اشارہ بعید کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اسم ضمیر ءَ سے قسم انت

۱۔ضمائر فاعلی، ۲۔ضمائر مفعولی، ۳۔ضمائر اضافی

ضمائر فاعلی: ھما ضمیر ان ءَ گشنت کہ آ فاعلی جاور ءَ درشان کنت پہ دْرْشکہ "من رواں" ماں اے جملہ ءَ "من" اسم ضمیر انت کہ فاعلی جاور ءَ پیش داروک انت ۔

ضمائر مفعولی: ھما عوضی اسم انت کہ مفعولی جاور ءَ درشان کن انت پہ دْرْشکہ "پت ءَ منا جت" ماں اے جملہ ءَ "پت" فاعل و "منا" ھما عوضی اسم انت کہ مفعولی جاور ءَ ظاہر کنت ۔

ضمائر اضافی: ھما عوضی اسم انت کہ آوتی نسبت ءَ گوں اسم ءَ ظاہر کنت ۔ پہ دْرْشکہ "منی کتاب احمد ءَ برت" مرے جملہ ءَ "منی" گوں کتاب ءَ وتی نسبت ءَ درشان کنت ۔

اسم ضمیر کی تین قسمیں ہیں

۱۔ضمائر فاعلی، ۲۔ضمائر مفعولی، ۳۔ضمائر اضافی

ضمائر فاعلی: ان ضمائر کو کہتے ہیں کہ جو حالتِ فاعلی کو ظاہر کرتے ہیں ۔ جیسا (میں جاتا ہوں) اس جملہ میں "میں" اسم ضمیر ہے کہ جو حالت فاعلی کو ظاہر کرتا ہے۔

ضمائر مفعولی: ان ضمائر کو کہتے ہیں کہ جو حالتِ مفعولی کو ظاہر کرتے ہیں ۔ جیسا کہ (باپ نے مجھے مارا) اس جملہ میں "باپ" فاعل اور "مجھے" وہ ضمیر ہے کہ جو حالتِ مفعولی کو ظاہر کرتا ہے۔

ضمائر اضافی: ان ضمائر کو کہا جاتا ہے کہ جو نسبت اور تعلق کو نمایاں کرتے ہیں ۔ جیسا کہ (میری کتاب احمد لے گیا) اس جملہ میں "میری" کتاب کے ساتھ اپنی نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

ضمائر فاعلی

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من	میں	تو	آپ۔تم	آ	وہ
جمع	ما	ہم	شما	تم (سب)	آیان	وہ (سب)

ضمائر فاعلی کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
من رواں	میں جاتا ہوں	شما رویت	تم (سب) جاتے ہو
ما رویں	ہم جاتے ہیں	آ روت	وہ جاتا ہے
تو روئے	تم جاتے ہو	آیان رونت	وہ (سب) جاتے ہیں

ضمائر مفعولی

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	منا	مجھ کو	ترا	تجھ کو	آرا	اس کو
جمع	مارا	ہم کو	شمارا	تم سب کو	آیاں	ان سب کو

ضمائر مفعولی کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
منا تو کتاب دات	مجھے تو نے کتاب دی	شمارا کئے ورگ دات	تم سبکو کس نے کھانا دیا
مارا بیگل ء قلم دات	ہمیں بیگل نے قلم دیا	احمد ء آرا ورگ دات	احمد نے اسکو کھانا دیا
ترا کتاب کئے دات	تجھکو کس نے کتاب دی	پت ء آیاں قلم دات	باپ نے انکو قلم دیا

ضمائر اضافی

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	منی	میرا	تئی	تیرا	آئی ء	اس کا
جمع	مئے	ہمارا	شمئے	تمھارے	آیانی	ان کا

ضمائر اضافی کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
اے منی کتاب انت	یہ میری کتاب ہے	شمئے کورہ مرغی ھیک ہست؟	تمارے اس مرغی کا انڈہ ہے
آ مئے دکان انت	وہ ہماری دوکان ہے	آئی ء مات زی بیران بوتہ	اس کی ماں کل انتقال کرگئی
تئی برات کجا انت؟	تیرا بھائی کہاں ہے؟	آیانی ھلک نزیک انت	ان کا قصبہ قریب ہے

مشقی سوالات

سوال نمبر ۱: لفظ کی تعریف کریں۔ نیز اس کی قسمیں بتائیں؟

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل جملوں میں کلمہ کی قسمیں تلاش کریں؟

۱۔ وپتگیں مردہ میش نہ کاریت
۳۔ مرد پہ نام ء مریت و نامرد پہ نان ء
۲۔ بُز بُز ونا شیر ببد ے
۴۔ دانا ہما انت کہ وتی رب ء چہ ھا راضی کنت

سوال نمبر ۳: کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل کا اردو میں ترجمہ کریں؟

۱۔ منی قلم کجا انت؟
۴۔ وتی ھیل و عادتاں ء شر بکن
۲۔ مات پت ء ادب بکن۔
۵۔ جیونی بلوچستان ء یک شہریں
۳۔ نماز ء پہ وھد بوان
۶۔ یاسر قرآن شریف ء حافظ انت

سبق ۵۸

فعل

کارۂ ہما کلمہ انت کہ چہ آئی ءَ کتام یک کارےءِ کنگ یا کارےءِ بوگ درشان بیت، پچش کہ
میسگ (لکھنا) کپت (گر گیا)،
میسگ و کپت دوئیں کار انت

فعل: وہ کلمہ ہے کہ جس سے کسی کام کا کرنا یا واقع ہونا ظاہر ہوتا ہے مثلاً
میسگ (لکھنا)، کپت (گر گیا)،
لکھنا اور گرنا دونوں فعل ہیں

فعل کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
ماں لوگ ءَ بنند	گھر میں بیٹھو
احمد سبق ءَ وانیت	احمد سبق پڑھتا ہے
دست ءَ دراج مکن	ہاتھ لمبا مت کرو
قلم ءَ تراش	قلم کو تراشو
چل ءِ آس ءَ کش	چولہے کی آگ کو بجھا دو
دستاں شو دیا	ہاتھ دھو کر آؤ
نماز ءَ وانگ ءَ برو	نماز پڑھنے جاؤ
گلاس ءَ آپ مان کن	گلاس میں پانی ڈالو
بازار ءَ برو	بازار جاؤ
برات ءِ دست ءَ بگر	بھائی کا ہاتھ پکڑ لو
کتاب ءَ بیار منا دے	کتاب لا کر مجھے دو

ماں تَرزبندءَ کنگیں تماماں بنند، وانیت، دراج، تراش، کش، شو، برو، مان کن، دست ءَ گر، بیار فعل انت

مندرجہ بالا جملوں میں بیٹھو، پڑھتا، مت کرو، تراشو، بجھا دو، دھو کر، پڑھنے، ڈالو، جاؤ، پکڑ لو فعل ہیں

سبق ۵۹

فعل کی بناوٹ اور ساخت

فعل ءِ وتی جوڑ بوگ و گیشگ ءِ روءِ پنچ قسم انت۔
۱۔فعل لازم، ۲۔فعل متعدی، ۳۔فعل ناقص،
۴۔فعل معروف، ۵۔فعل مجہول

فعل کی اپنی بناوٹ اور ساخت کی رو سے پانچ قسمیں ہیں۔
۱۔فعل لازم، ۲۔فعل متعدی، ۳۔فعل ناقص،
۴۔فعل معروف، ۵۔فعل مجہول

فعل لازم ءِ تعریف:

ہما فعل کہ آئی ءِ تہا کارے کنگ بیت بلے آئی ءِ اثر وان فاعل ءِ گٹ بہ بیت۔ چوشکہ "احمد وپت یا احمد آتک" مرے جملہ ءِ "وپت، آتک" فعل لازم انت کہ مرشی ءِ واب ءِ وَ آیگ ءِ عمل ءِ احمد کست۔

فعل لازم کی تعریف:

وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا پایا جائے مگر فعل کا اثر فاعل تک محدود ہو۔ جیسے احمد سو گیا، احمد آیا، اس جملہ میں "سو گیا اور آیا" فعل لازم ہے جس میں سونے کا عمل اور آنے کا عمل احمد تک محدود رہا۔

فعل لازم کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
احمد شت	احمد چلا گیا	اسلم نشت	اسلم بیٹھ گیا	کریم ہترت	کریم پھسل گیا
عابد کپت	عابد گر گیا	ناکو وشتات	چچا رک گیا	بانو چَکندت	بانو مسکرائی

نوٹ:۔ فعل لازم ءِ فاعل ءِ رند علامت فاعلی ءِ (ءِ) ورشان نہ بیت۔ ہنچوش ماں برزءِ مثالاں اسم فاعل احمد، اسلم، کریم، عابد، ناکو، بانو ءِ رند (ءِ) علامت فاعلی کشینگ نہ بوتگ۔

نوٹ: فعل لازم کے فاعل کے بعد علامت فاعلی (ءِ) نہیں لکھا جاتا، جیسا کہ اوپر کی مثالوں میں اسم فاعل احمد، اسلم، کریم، عابد، بانو کے بعد (ءِ) کی علامت استعمال نہیں کی گئی ہے۔

فعل متعدیءِ تعریف:

ہما فعل کہ مرائی ءِ فعل ءِ اثر فاعل ءِ گوں یک مفعول ءِ ہم احتیاج بداریت ۔ مفعول ءِ معنی انت ہمائی ءِ سرا کہ فعل بیگ ءِ انت، چو شکہ "احمد ءِ نان وارت" یا احمد ءِ نمدی نبیس ات، مرے دوئیں جملہاں (احمد) فاعل انت، وَ (نان وَ نمدی) مفعول انت، وَ (وارت، نبیس ات) فعل انت ۔

فعل متعدی کی تعریف:

وہ فعل کہ جس میں فعل کا اثر فاعل کے ساتھ ایک مفعول کا بھی محتاج ہو، مفعول کا مطلب جس پر فعل واقع ہو، جیسے احمد نے روٹی کھائی، یا احمد نے خط لکھا، ان دونوں جملوں میں (احمد) فاعل ہے (روٹی اور خط) مفعول ہیں، اور (کھائی، لکھا) فعل ہیں ۔

فعل متعدی کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
احمد ءِ پس ءِ راحلال کرت	احمد نے بکری کو ذبح کیا	کریم ءِ مارءِ را کشت	کریم نے سانپ کو مار ڈالا
سلیم ءِ دُزءِ را تاچینت	سلیم نے چور کو بھگایا	استاد وتی شاگر دءِ وانینیت	استاد اپنے شاگرد کو پڑھاتا ہے
مرغ دانان ءِ چنب جنت	مرغ دانے چگتا ہے	درزی گدءِ دوچیت	درزی کپڑے سیتا ہے

فعل ناقص ءِ تعریف:

ہما فعل کہ کسی سرا اثر مکنت بلکیں کجام یک اثر ءِ پیش بداریت، چُشں کہ احمد بیمار انت، مرے جملہ ءِ فعل کنگ ءِ نہ انت بلکیں گوں فاعل ءِ بیگ ءِ انت، احمد اوا فاعل انت، وَ فعل ءِ کنوک نہ انت، فعل ءِ برداشت کنوک انت

فعل ناقص کی تعریف:

وہ فعل جو کسی پر اثر نہ ڈالے بلکہ کسی اثر کو ثابت کرے جیسے احمد بیمار ہے ۔ اس جملہ میں فعل کا کرنا نہیں بلکہ ہونا پایا جاتا ہے ۔ احمد جو یہاں فاعل ہے اور فعل کا کرنے والا نہیں بلکہ سہنے والا ہے

فعل ناقص کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
دار پُرشتہ	لکڑی ٹوٹی ہے	احمد بیمار انت	احمد بیمار ہے
چُک کپت	بچہ گر گیا	ھنوک ترک ات	غبارہ پھٹ گیا
شاھو مُرت	شاھو مر گیا	سیکل کپت	سائیکل گر گیا

فعل معروف ءِ تعریف:

فعل معروف ھما فعل ءَ گشئت کہ آئی ءِ تہا فعل ءِ فاعل معلوم بیت ، چُش کہ احمد ءَ نوکر جت ، مرے جملہ ءِ تہا کارءِ کنوک فاعل احمد انت کہ معلوم انت ، پمیشا اے فعل معروف انت ۔

فعل معروف کی تعریف:

فعل معروف اس فعل کو کہتے ہیں جس میں اس فعل کا فاعل معلوم ہو ، مثال کے طور پر ’’احمد نے نوکر کو مارا‘‘ اس جملے میں کام کا کرنے والا فاعل ’احمد‘ ہے جو کہ معلوم ہے اس لیے یہ فعل معروف ہوا۔

فعل معروف کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
یاسر ڈن ءَ در کپت	یاسر باہر گیا	کریم فون کنگا انت	کریم فون کر رہا ہے
مریم رو tا ک وانیت	مریم اخبار پڑھتا ہے	شریف تربت ءَ شت	شریف تربت چلا گیا
رزاق روگ ءَ انت	رزاق جا رہا ہے	اقبال ساعت دو ءَ کائیت	اقبال ۲ بجے آئے گا

فعل مجہول ءِ تعریف:

فعل مجہول ھما فعل ءَ گشئت کہ آئی ءِ تہا فعل ءِ فاعل معلوم مبیت ، چُش کہ آئی ءَ ٹمدی ونت ، مرے جملہ ءِ تہا کارءِ کنوک فاعل ءِ نام معلوم نہ انت ، پمیشا کہ ایشی ءَ را فعل مجہول گشئت ۔

فعل مجہول کی تعریف:

فعل مجہول اس فعل کو کہتے ہیں جس میں اس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو، مثال کے طور پر ’’اس نے خط پڑھا‘‘ ، یہاں پڑھنے والا فاعل نامعلوم ہے اس لیے اسے فعل مجہول کہتے ہیں۔

فعل مجہول کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
آ ڈن ءَ در کپت	وہ باہر گیا	آئی ءِ پت ڈاکٹر انت	ان کے ابو ڈاکٹر ہیں
آ رو tا ک وانیت	وہ اخبار پڑھتا ہے	آیاں ءَ ورونت گپت انت	انہوں نے کتابیں لے لیں
آ روگا انت	وہ جا رہا ہے	آئی ءَ نہ جنگ	اس نے نہیں مارا ہے

سبق ۶۰

فعلءِ قسمانی بیان

زمانگ ءِ روءِ فعل ءِ سہ قسم انت

ا:۔ماضی، ۲:۔حال، ۳:۔مستقبل

فعل ماضی: ہما فعل انت کہ ماں آئی ءِ فعل ءِ پدٔری ءِ ماں گوستگیں زمانگ ءِ بوتگ۔ پجسکہ ''احمد ءِ جت'' و ''جلال ءِ نان وارت'' ماں اوّلی جملہ ءِ 'جت' و ماں دومی جملہ ءِ 'وارت' فعل ماضی ءِ پدٔر کلت پرچاکہ 'جنگ' و 'ورگ' ءِ کار ماں گوستگیں زمانگ ءِ بوتگت

فعل ماضی ءِ شش قسم انت۔

ا۔ماضی مُطلق ۲۔ ماضی قریب ۳۔ماضی بعید
۴۔ماضی استمراری ۵۔ماضی شکی ۶۔ماضی تمنائی

فعل حال: ہما فعل انت کہ ماں آئی ءِ فعل ءِ وقی پدٔری ءِ ماں اتوگیں زمانگ ءِ بکلت۔پجسکہ ''حسن پیداک انت'' و ''یاسر نان ورگا انت'' ادا ماں اوّلی جملہ ءِ 'پیداک' و ماں دومی جملہ ءِ 'ورگا' فعل حال ءِ معنّی درشان کنت پرچا کہ آیگ و ورگ ءِ کار ماں اتوگیں زمانگ ءِ بوگا انت۔

فعل مُستقبل: ہما فعل انت کہ ماں آئی ءِ فعل ءِ وقی پدٔری ءِ ماں آیوکیں زمانگ ءِ کنت پجسکہ ''منی پت باندا روت'' و ''تئی برات پوشی کیت'' ماں اوّلی جملہ ءِ 'روت' و ماں دومی جملہ ءِ 'کیت' فعل مستقبل ءِ معنّی ءِ درشان کنت پرچاکہ 'روگ' و 'آیگ' ءِ کار آیوکیں زمانگ ءِ بنت۔

فعل کی قسمیں

زمانہ کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں ہیں۔

ا:۔ماضی، ۲:۔حال، ۳:۔مستقبل

فعل ماضی: وہ فعل ہے کہ جس میں فعل کا وقوع زمانہ گذشتہ میں ہوا۔ جیسا کہ (احمد نے مارا) اور (جلال نے روٹی کھائی) پہلے جملہ میں 'مارا' اور دوسرے جملہ میں 'کھائی' فعل ماضی کو ظاہر کرتے ہیں کیونکہ مارنے اور کھانے کا عمل گذشتہ زمانہ میں ہوا

فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں:

ا۔ماضی مُطلق ۲۔ماضی قریب ۳۔ماضی بعید
۴۔ماضی استمراری ۵۔ماضی شکی ۶۔ماضی تمنائی

فعل حال: وہ فعل ہے کہ جس میں فعل کا وقوع زمانہ حال میں ہوا ہے۔ مثلاً (حسن آرہا ہے) اور (یاسر کھانا کھارہا ہے) یہاں پہلے جملہ میں 'آرہا ہے' اور دوسرے جملہ میں 'کھارہا ہے' فعل حال پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ آنے اور کھانے کا کام زمانہ حال میں ہورہا ہے۔

فعل مُستقبل: وہ فعل ہے کہ جس میں فعل کا وقوع آنیوالے زمانہ میں ہوگا۔ مثلاً (میرا باپ کل جائیگا) اور (تیرا بھائی پرسوں آئیگا) پہلے جملہ میں "جائیگا" اور دوسرے جملہ میں "آئیگا" فعل مستقبل پر دلالت کرتے ہیں۔ کیونکہ جانے اور آنے کا عمل آئندہ زمانے میں ہوگا۔

سبق ۶۱

فعل ماضی مطلق معروف کا بیان

ماضی مُطلق وہ فعل ہے کہ جس میں وقوع فعل مُطلقاً گذشتہ زمانہ میں ہوا ہو، مثلاً ''احمد وپت'' (احمد سوگیا) ''اکبر کپت'' (اکبر گر گیا)

فعل ماضی مطلق معروف کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من وارتوں	میں نے کھایا	تو وارتے	تو نے کھایا	آئی ءَ وارت	اس نے کھایا
جمع	ما وارتیں	ہم نے کھایا	شما وارتیت	تم سب نے کھایا	آیاں وارت	انہوں نے کھایا

فعل ماضی مطلق معروف کا گفتگو میں استعمال

	بلوچی	اردو
س:	چوں تو شربت وارتے؟	کیا تو نے شربت پی لیا؟
ج:	بلے من شربت وارتوں	جی میں نے شربت پی لیا
س:	زی گوشت کئے ءَ وارت؟	کل گوشت کس نے کھایا؟
ج:	زی ما گوشت وارتیں	کل ہم نے گوشت کھایا
س:	چون شما شربت وارتیت؟	کیا تم نے شربت پیا؟
ج:	اوں ما شربت وارتیں	ہاں ہم نے شربت پیا
س:	باریں عطاء چے وارت؟	کیوں عطا نے کیا پیا
ج:	عطاؤ تاج ءَ آپ وارتنت	عطا اور تاج نے پانی پیا لیا
س:	تو شپی چے وارت؟	آپ نے رات کو کیا پیا؟
ج:	من شپی شیر وارت	میں نے رات دودھ پیا؟

سبق ۶۲

فعل ماضی مطلق مجہول کا بیان

فعل ماضی مطلق مجہول وہ فعل ہے کہ کام تو زمانہ گذشتہ میں ہوا ہے لیکن فاعل معلوم نہیں ہے۔
فعل ماضی مطلق معروف میں بھی کام زمانہ گذشتہ میں ہوا ہے، لیکن اس میں فعل کا فاعل معلوم ہے۔ فعل معروف کو بلوچی میں 'معلوم' اور مجہول کو 'نا معلوم' کہنا موزوں و مناسب ہے۔

فعل ماضی مطلق مجہول کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من جنگ بوتوں	میں مارا گیا	تو جنگ بوتے	تو مارا گیا	آجنگ بوت	وہ مارا گیا
جمع	ما جنگ بوتیں	ہم مارے گئے	شا جنگ بوتات	تم سب مارے گئے	آیاں جنگ بوتنت	وہ مارے گئے

فعل ماضی مطلق مجہول کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
من نان وارت آتکوں	میں کھانا کھا کر آ گیا
ما ؤراہ ہور بوت و مدرسہ ءَ شتیں	ہم سب ملکر مدرسہ گئے
تو انور ءِ عاروس ءَ شتے	تم انور کی شادی میں گئے
شا گوستگیں ہفتگ ءَ گوادر ءَ شتے	تم پچھلے ہفتے گوادر گئے
آ وانگ ءَ شت	وہ پڑھنے چلا گیا
آیاں نان وارت و شتنت	وہ سب کھانا کھا کر چلے گئے
اے ڈن ءَ در کپت شت	یہ تو باہر نکل کر چلا گیا

سبق ۶۳

فعل ماضی قریب معروف کا بیان

فعل ماضی قریب معروف وہ فعل ہے کہ جس میں فعل (کام) زمانہ گذشتہ میں واقع ہوا ہے لیکن فعل کا وقوع زمانہ قریب میں اس طرح ہوا ہے کہ فعل کا فاعل معلوم ہے جیسے "دُزّ ءَ ترا پُلتگ (چور نے تجھے لوٹ لیا ہے) کہ اس میں 'لوٹ لیا ہے' فعل ماضی قریب معروف ہے کہ جس میں فعل کا فاعل "دُزّ" (چور) معلوم ہے۔

فعل ماضی قریب معروف کی گردان

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من وارتگوں	میں نے کھایا ہے	تو وارتگے	تو نے کھایا ہے	آئی ءَ وارتگ	اس نے کھایا ہے
جمع	ما وارتگیں	ہم نے کھایا ہے	شما وارتگ ات	تم سب نے کھایا	آیاں وارتگت	انہوں نے کھایا ہے

فعل ماضی قریب معروف کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
من نان وارتگوں	میں نے روٹی کھائی ہے	آیاں گوشت وارتگت	انہوں نے گوشت کھایا ہے
ما سروپ وارتگیں	ہم نے سیب کھایا ہے	تو کجا بوتگے ؟	تم کہاں رہے(ہو)؟
تو میگ وارتگے	تو نے میوہ کھایا ہے	من ماں بازار ءَ رفتگوں	میں بازار میں گیا ہوں
شما انجیر وارتگ ات	تم سب نے انجیر کھایا ہے	مروچی زرگل ءَ چہ گراختگ	آج زرگل نے کیا پکایا ہے
آئی ءَ برنج وارتگ	اس نے چاول کھایا ہے	مروچی بجاگ گراختگ	آج بیگن پکایا ہے

سبق ٦٤

فعل ماضی قریب مجہول کا بیان

فعل ماضی قریب مجہول وہ فعل ہے جس میں فعل تو زمانہ گذشتہ میں ہوا ہے لیکن فعل کا وقوع زمانہ قریب میں اسطرح ہوا ہے کہ فعل کا فاعل معلوم نہیں ہے جیسے تو پلگ بوتگے، (تو لوٹ لیا گیا) یا ما پلگ بوتگیں (ہم لوٹ لئے گئے ہیں)

فعل ماضی قریب مجہول کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	ماں زرک بوتگوں	میں لوایا گیا ہوں	تو زرک بوتگے	تو لوایا گیا ہے	آ زرک بوتگ	وہ لوایا گیا ہے
جمع	ما زرک بوتگیں	ہم لوائے گئے ہیں	شما زرک بوتگ ات	تم سب لوائے گئے ہو	آیاں زرک بوتگت	وہ سب لوائے گئے ہیں

فعل ماضی قریب مجہول کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
بورہ ءِ دہ گونی دُزگ بوتگت	چینی کی دس بوریاں چرائی گئی ہیں
چہ زمین چنڈ ءِ ہزارانی مردم مرتنت	زلزلے سے ہزاروں لوگ مرگئے ہیں
کاروان ءِ مردم دوشی پلگ بوتگت	قافلہ کے لوگ گذشتہ شب لوٹے گئے ہیں
مئے لوگے مردم زیگیںءِ عاروس ءِ شُتگ انت	ہمارے گھر والے کل سے شادی میں گئے ہیں
آئی ءَ اوں نان وارت وُشت	وہ ابھی کھانا کھا کر چلا گیا ہے
آیاں دُرستیں کتاب بُرتگ انت	وہ ساری کتابیں لے گئے ہیں
آئی ءِ وام دیگ بوتگ انت	اس کے قرضے کی رقم لوٹا دی گئی ہے
توزی کتاب داتگ ات وشُتگے	آپ کل کتابیں دے کر چلے گئے ہو

سبق ۶۵

فعل ماضی بعید معروف کا بیان

فعل ماضی بعید معروف وہ فعل ہے کہ جس میں کام تو زمانہ ماضی میں ہوا ہے لیکن وقوع فعل بھی زمانہ بعید میں ہوا ہے۔ جیسے کہ آھتگات (وہ آیا تھا)

فعل ماضی بعید معروف کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من آھتگوں	میں آیا تھا	تو آھتگے	تو آیا تھا	آ آھتگت	وہ آیا تھا
جمع	ما آھتگیں	ہم آئے تھے	شما آھتگ اِت	تم سب آئے تھے	آیان آھتگت	وہ آئے تھے

فعل ماضی بعید معروف کا جملوں میں استعمال

	بلوچی	اردو
س:	توزی چے وارتگے؟	تو نے کل کیا کھایا تھا؟
ج:	من زی انار وارتگوں	میں نے کل انار کھایا تھا
س:	شما دوشی چے وارتگ اَت؟	تم نے رات کو کیا کھایا تھا؟
ج:	ما دوشی میوگ وارتگیں	ہم نے رات کو میوہ کھایا تھا
س:	آئی ء چے وارتگت؟	اس نے کیا کھایا تھا؟
ج:	آئی نان وارتگت	اس نے روٹی کھائی تھی
س:	آیان پیری چہ وارتگت	انہوں نے پرسوں کیا کھایا تھا
ج:	آیان پیری سروپ وارتگت	انہوں نے پرسوں سیب کھائے تھے
س:	چون شما میوگ وارتگ اِت	کیا تم نے میوہ کھایا تھا؟
ج:	نہ ما کباب وارتگیں	نہیں ہم نے کباب کھایا تھا

سبق ٦٦

فعل ماضی بعید مجہول کا بیان

فعل ماضی بعید مجہول وہ فعل ہے کہ جس میں کام زمانہ گذشتہ میں بہت پہلے وقوع پذیر ہو گیا ہو، لیکن فعل کا فاعل معلوم نہیں ہے۔ جیسا کہ احمد گرگ بوتگت (احمد پکڑا گیا تھا) کہ اس جملے میں فاعل معلوم نہیں ہے، کہ احمد کا پکڑنے والا کون تھا۔

فعل ماضی بعید مجہول کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من گرگ بوتگوں	میں پکڑا گیا تھا	تو گرگ بوتگیں	تو پکڑا گیا تھا	آ گرگ بوتگت	وہ پکڑا گیا تھا
جمع	ما گرگ بوتگیں	ہم پکڑے گئے تھے	شما گرگ بوتگیت	تم سب پکڑے گئے تھے	آیاں گرگ بوتگت	وہ پکڑے گئے تھے

فعل ماضی بعید مجہول کا جملوں میں استعمال

	بلوچی	اردو
س:	تو زی کجا شتگے؟	آپ کل کہاں گئے تھے؟
ج:	من زی بازارء شتگوں	میں کل بازار گیا تھا
س:	آئی ءکدی بُرتگت؟	وہ کب لے کر گیا تھا؟
ج:	آئی ءدوشی شپ ءبُرتگت	وہ کل رات کو لے کر گیا تھا
س:	آئی ءکدی ہلاس کتگ؟	اس نے کب ختم کیا تھا؟
ج:	آئی ءساعت دوء ہلاس کتگت	اس نے دو بجے ختم کیا تھا
س:	تو کجا ایر کتگت؟	آپ نے کہاں رکھ دیا تھا؟
ج:	من اودا ایر کتگت	میں نے وہاں رکھ دیا تھا

سبق ٦٧

فعل ماضی استمراری کا بیان

فعل ماضی استمراری وہ فعل ہے کہ کام کا وقوع تو زمانہ گذشتہ میں ہوا ہے لیکن اس انداز سے کہ فعل کا عمل جاری تھا، جیسے مثال کے طور پر "احمد کھا رہا تھا" میں متکلم فعل کا عمل زمانہ گذشتہ میں اس طرح بیان کر رہا ہو کہ اس وقت وہ عمل جاری تھا

فعل ماضی استمراری کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من ورگا ئتوں	میں کھا رہا تھا	تو ورگائے	تو کھا رہا تھا	آ ورگا ئیت	وہ کھا رہا تھا
جمع	ما ورگا ئتیں	ہم کھا رہے تھے	شما ورگا ئتیت	تم سب کھا رہے تھے	آ یاں ورگا ئتنت	وہ کھا رہے تھے

فعل ماضی استمراری کا جملوں میں استعمال

	بلوچی	اردو
س:	تو چے ورگا ئتے؟	آپ کیا کھا رہے تھے؟
ج:	من ورگ ورگا ئتوں	میں کھانا کھا رہا تھا
س:	یاسر چے کنگا ئیت؟	یاسر کیا کر رہا تھا؟
ج:	یاسر وانگا ئیت	یاسر پڑھ رہا تھا
س:	شما چے ورگا ئتیت	تم (سب) کیا کھا رہے تھے
ج:	ما برنج ورگا ئتیں	ہم چاول کھا رہے تھے
س:	حمید و محمود چے ورگا ئتنت	حمید اور محمود کیا کھا رہے تھے
ج:	حمید و محمود نان ورگا ئتنت	حمید و محمود روٹی کھا رہے تھے
س:	شما کجا نگور وگا ئتیت	آپ (سب) کہاں جا رہے تھے
ج:	ما گس ءَ روگا ئتیں	ہم گھر جا رہے تھے

سبق ۶۸

فعل ماضی شکی کا بیان

فعل ماضی شکی وہ فعل ہے کہ گذشتہ زمانہ میں کسی کام کے ہونے کا یقین نہ ہو۔ جیسا ''احمد شتگ بی'' (احمد گیا ہوگا)، ''احمد لوگ ہشتگ بی'' (احمد گھر گیا ہوگا)

فعل ماضی شکی کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من شتہ بوگوں	میں گیا ہوگا	تو شتہ بوگے	تم گئے ہوگے	آشتہ بوگ	وہ گیا ہوگا
جمع	ما شتہ بوگیں	ہم گئے ہوگے	شما شتہ بوگیت	تم سب گئے ہوگے	آیاں شتہ بوگت	وہ گئے ہوگے

فعل ماضی شکی کا جملوں میں استعمال

	بلوچی	اردو
س:	آیاں یاسر ہا نان وارتہ بوتگ؟	کیا یاسر نے کھانا کھالیا ہوگا؟
ج:	بلکیں یاسر ہا نان وارتہ بوتگ	شاید یاسر نے کھانا کھالیا ہوگا
س:	مریم اسکول ہشتہ بیتگ؟	مریم اسکول گیا ہوگا؟
ج:	انّاں مریم اسکول نہ ہشتہ بیتگ	نہیں مریم اسکول نہیں گیا ہوگا
س:	آ (وُرتیں) عاروس ہشتہ بوتگت	وہ (سب) شادی میں گئے ہونگے
ج:	انّاں آبازار شتہ بوتگت	نہیں وہ بازار گئے ہونگے
س:	آیاں اے نماز وانگ ہشتہ بوتگ	کیا یہ نماز پڑھنے گیا ہوگا
ج:	بلکیں وپسگ ہشتہ بوتگ	ہوسکتا ہے سونے گیا ہوگا
س:	آ گوادر ہشتہ بیتگ	وہ گوادر گیا ہوگا
ج:	انّاں آ کراچی ہشتہ بیتگ	نہیں وہ کراچی گیا ہوگا

سبق ۶۹

ماضی تمنائی کا بیان

اگر زمانہ گذشتہ میں کوئی فعل نہ ہوسکا اور اس کے ہونے کی تمنا ظاہر کی جائے تو فعل ماضی تمنائی کہلاتا ہے جیسا ''احمد شتیں'' (احمد چلا جاتا)، ''من کا گدگوں وت بیاورتیں'' (میں خدا اپنے ساتھ لے آتا)

فعل ماضی تمنائی کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من بوارتیوں	میں کھالیتا	تو بوارتیے	تم کھالیتے	آئی بوارتیں	وہ کھالیتا
جمع	ما بوارتیں	ہم کھالیتے	شما بوارتیت	تم سب کھالیتے	آیاں بوارتیت	وہ کھالیتے

ماضی تمنائی کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
سک شرات اگاں احمد بیاتکیں	بہت اچھا ہوتا اگر احمد آتا
مروچی منی لاپء درد نہ کرتکت	آج میرے پیٹ میں تکلیف نہ ہوتی
اگاں من دوشی درمان بوارتیوں	اگر میں رات کو دوائی پی لیتا
مروچی من چو حیران نہ بوتکوں	آج میں اس قدر پریشان نہ ہوتا
اگاں منی پت اِدا ہوتیں	اگر میرے والد یہاں ہوتے
اگان من بوانتیں	اگر میں پڑھ لیتا
مروچی مزنیں مردے جوڑ بوتوں	آج میں بہت بڑا آدمی بن جاتا

سبق ۰ ۷

فعل حال کا بیان

جوکام موجودہ وقت میں سرزد ہو وہ فعل حال کہلاتا ہے۔
جیسا کہ ”احمد وارت“ (احمد کھاتا ہے)۔اس جملے میں ’وارت‘ فعل حال ہے کہ اس میں کھانے کا عمل موجودہ وقت میں ہورہا ہے۔

فعل حال کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من رواں	میں جاتا ہوں	تو روے	تم جاتے ہو	آئی روت	وہ جاتا ہے
جمع	ماروئیں	ہم جاتے ہیں	شما روئیت	تم سب جاتے ہو	آیاں روت	وہ سب جاتے ہیں

فعل حال کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
من موزوراں	میں کیلا کھاتا ہوں
مابرنج وریں	ہم چاول کھاتے ہیں
تو وانگاے	تم پڑھتے ہوں
من لیب کنگ ءَ رواں	میں کھیلنے جاتا ہوں
تو سروپ ورے	تو سیب کھاتا ہے
شما ہمک روچ گوازی کنیت	تم روزانہ کھیلتے ہوں
آ ذراہیں اسکول ءَ رواں	وہ سب اسکول جاتے ہیں
آیاں گوشت ورنت	وہ گوشت کھاتے ہیں

سبق ۷۱

فعل حال مجہول کا بیان

فعل حال مجہول وہ فعل ہے کہ جس میں کام کا ظہور زمانہ حال میں سرزد ہو لیکن فعل کا فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسا کہ ''من آرگ باں'' (میں لایا جاتا ہوں) ''ما آرگ بئیں'' (ہم پکڑے جاتے ہیں)

فعل حال مجہول کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من آرگ باں	میں لایا جاتا ہوں	تو آرگ بے	تم لائے جاتے ہو	آئی آرگ بیت	وہ لایا جاتا ہے
جمع	ما آرگ بئیں	ہم لائے جاتے ہیں	شما آرگ بیت	تم سب لائے جاتے ہو	آیاں آرگ بنت	وہ سب لائے جاتے ہیں

فعل حال مجہول کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
من ہمک روچ صوب ءِ پہ لیب ءِ رواں	میں روزانہ صبح کھیلنے جاتا ہوں
ما دوئیں ورنہ جاہ ءِ روئیں	ہم دونوں اسکول جاتے ہیں
تو ہمک روچ یکیں ورونت ءِ وانگا ئے	تم ہر روز ایک ہی سبق پڑھتے رہتے ہو
شما بازار ءِ رویت	تم سب بازار جاتے ہیں
گوں آئی لیمبو ورگ نہ بیت	ان سے لیموں نہیں کھایا جاتا ہے
ما ہمک ہفتگ تربت ءِ رواں	میں ہر ہفتے تربت جاتا رہتا ہوں
آ ہمک دو سے ماہ ءِ رند چہ دوبئی ءِ کئیت	وہ ہر دو تین مہینے بعد دوبئی سے آتے ہیں
آ مدامی گرگ بیت	وہ ہمیشہ پکڑے جاتے ہیں
اے آیاں مدام نمدی نبشتہ کنت ودیم دنت	یہ انکو ہمیشہ خط لکھ کر بھیجتا رہتا ہے

سبق ۲۷

فعل حال استمراری کا بیان

فعل حال استمراری وہ فعل ہے کہ جس میں زمانہ حال میں کام اس طرح ظہور پذیر ہو کہ وہ جاری ہو۔
جیسا کہ "آروگا انت" (وہ جا رہا ہے) "شا روگا ئیت" (تم سب جا رہے ہو)۔

فعل حال استمراری کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من ورگایاں	میں کھا رہا ہوں	تو ورگائے	تم کھا رہے ہو	آئی ورگانت	وہ کھا رہا ہے
جمع	ما ورگائیں	ہم کھا رہے ہیں	شا ورگائیت	تم سب کھا رہے ہو	آیاں ورگانت	وہ سب کھا رہے ہیں

فعل حال استمراری کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
من وتی سبارگ ءَ ورگایاں	میں اپنا دوپہر کا کھانا کھا رہا ہوں
ما دربر جاہ ءِ کاراں کنگائیں	ہم اسکول کا کام کر رہے ہیں
تو نماز ءِ وانگ ءَ مسیت ءَ روگائے؟	تم نماز پڑھنے مسجد جا رہے ہو؟
شا بازار ءَ روگائیت؟	تم سب بازار جا رہے ہو؟
آ زیکیں انت گوادر ءَ روگا سر گرگا انت	وہ کل گوادر جانے کی تیاری کر رہا ہے
آیاں عصر ءِ نماز ءَ وانگایاں	وہ عصر کی نماز پڑھ رہے ہیں
ما حج ءِ روگ ءِ تیاری کنگائیں	ہم حج پر جانے کی تیاری کر رہے ہیں
تو چے کنگائے؟	تم کیا کر رہے ہو؟
من نبشتہ کنگاؤں	میں لکھ رہا ہوں

سبق ۴۷

فعل مستقبل کا بیان

فعل مستقبل وہ فعل ہے کہ جس کا ظہور آئندہ زمانے میں ہوگا جیسے
یاسر ۲ بجے اسکول سے آئیگا (یاسر ۲ بج ءِ چہ دربہ جاہ ءَ کئیت)

فعل مستقبل کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من کایاں	میں آونگا	تو کائے	تم آوگے	آئی کئیت	وہ آئےگا
جمع	ما کائیں	ہم آئینگے	شما کائیت	تم سب آوگے	آیاں کائینت	وہ سب آئینگے

فعل مستقبل کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
مروچی من قلات ءَ رواں	آج میں قلات جاؤں گا
منی پت باندا کئیت	میرا باپ کل آئے گا
تئی پت پوشی روت	تیرا باپ پرسوں جائیگا
تو کجا نگو روئے؟	آپ کہاں جائینگے؟
من دیم پہ باغ ءَ رواں	میں باغ کی طرف جاؤنگا
چاکر باندا نمدی ءَ نبشتہ کنت	چاکر کل خط لکھے گا
بدنیت پہ وتی مزء روت	بدنیت کو اپنا صلہ ملیگا
جنت ءَ خدا ءِ دیدار نصیب بیت	جنت میں خدا کا دیدار نصیب ہوگا
یاسر اے سال قرآن ءَ حفظ کنت	یاسر اس سال قرآن حفظ کرلےگا

سبق ۷۵

فعل مستقبل مجہول کا بیان

فعل مستقبل مجہول وہ فعل ہے کہ جس میں فعل کا ظہور آئندہ زمانہ میں ہو، مگر فعل کا فاعل معلوم نہیں ہو۔
جیسے ''من آرگ باں'' (میں لایا جاؤں گا)۔

فعل مستقبل مجہول کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من آرگ باں	میں لایا جاؤنگا	تو آرگ بے	تم لائے جاؤ گے	آئی آرگ بیت	وہ لایا جائیگا
جمع	ما آرگ بیں	ہم لائے جائینگے	شما آرگ بیت	تم سب لائے جاؤ گے	آیاں آرگ بنت	وہ سب لائے جائینگے

فعل مستقبل مجہول کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
ماباندا انمدی ءنبشتہ کناں	میں کل خط لکھونگا
تو باندا اسکول ءَ جاہ ءِ روے	تم کل سے اسکول جاؤ گے
ما دیم ءِ ہفتگ ءَ شالکوٹ ءَ ملاقات بیں	ہم اگلے ہفتے کوئٹہ میں ملینگے
من پڑھانگ ءَ شالکوٹ ءَ رواں	میں کوئٹہ پڑھنے جاؤنگا
آ وانگ ءِ رند چی کنت؟	وہ پڑھنے کے بعد کیا کریگا؟
آ شپ ءَ ساعت ہشت ءِ رند شام کنت	وہ رات کو آٹھ بجے کے بعد کھانا کھائینگے
آ شپ ءَ ہلاں ءَ وپسنت	وہ رات کو جلدی سوجائینگے
شما سبارگ ءَ چی ورئیت؟	تم سب دوپہر میں کیا کھاؤ گے؟
آ سبارگ ءَ ماہیگ ورنت	وہ دوپہر میں مچھلی کھائینگے

سبق ۳۷

فعل مضارع کا بیان

فعل مضارع وہ فعل ہے جو زمانہ حال و مستقبل دونوں پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ
"احمد کیت" (احمد آتا ہے یا احمد آئیگا)

فعل مضارع کی گردان (ترانگ)

	متکلم		مخاطب		غائب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	من کایاں	میں آتا ہوں	تو کائے	تم آتے ہو	آئی کیت	وہ آتا ہے
جمع	ما کائیں	ہم آتے ہیں	شما کائیت	تم سب آتے ہو	آیاں کائینت	وہ سب آتے ہیں

فعل مضارع کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
من ہمک روچ درسے جاہ ءَ روّاں	میں روزانہ اسکول جاتا ہوں
ما ساعت دوءَ ورگ وریں	ہم دو بجے کھانا کھاتے ہیں
تو چہ کجام راہ ءَ کائے	تم کس راستے سے آتے ہو
آ چہ مکتب ءَ ساعت پنچ ءَ کیت	وہ آفس سے پانچ بجے آجاتا ہے
احمد پنچ وھد ءَ مسیت ءَ روت	احمد پانچ وقت مسجد جاتا ہے
عادل برنج وارت	عادل چاول کھاتا ہے
فیصل و عادل صبح ءَ مدرسہ ءَ رونت	فیصل اور عادل صبح مدرسے جاتے ہیں
کراچی ءِ بینک ساعت نُہ ءَ پچ بنت	کراچی میں بینک ۹ بجے کھلتے ہیں
آیاں بیگاہ ءَ بازار ءَ رونت	وہ سب شام کو بازار جاتے ہیں

سبق ۷۶

فعل امر و فعل نہی کا بیان

فعل امر وہ فعل ہے کہ میں جس میں کسی کام کو کرنے کے لئے حکم دیا جائے، اور فعل نہی وہ فعل ہے جس میں کسی کام کو کرنے سے منع کیا جائے، جیسے ''تو بیا'' (تم آؤ)، ''شما رویت'' (تم سب چلے جاؤ) اور ''مستی مکن'' (شرارت مت کرو)

نوٹ:۔ فعل امر و نہی میں متکلم اور غائب کے صیغے نہیں ہوتے ہیں۔

فعل امر و فعل نہی کی گردان (ترانگ)

	امر مخاطب		نہی مخاطب	
	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
واحد	تو بور	تم کھاؤ	تو مہ ور	تم مت کھاؤ
جمع	شما بوریت	تم سب کھاؤ	شما مہ وریت	تم سب مت کھاؤ

فعل امر و فعل نہی کا جملوں میں استعمال

	بلوچی	اردو
امر	ایں گو بیا نان بہ بور	اِدھر آ ؤ روٹی کھالو
نہی	جاک مجن	شور مت کرو
امر	قلم بہ ایر کن	قلم رکھ دو
نہی	کتاب بہ دست مجن	کتاب کو ہاتھ نہ لگاؤ
امر	کلاہ بہ سرا کن	ٹوپی پہن لو
نہی	زوت زوت مرو	تیز تیز مت چلو
امر	دروازگ بہ بند کن	دروازہ بند کرو
نہی	مستی مکن	شرارت مت کرو

سبق ۷۷

جملہ کی تعریف

لفظانی ھماچی کہ چرائی ردو بندء اشکنوک یک حبرے فہمیت جملہ گوشک بیت چوکہ

''احمد شت'' (احمد گیا)، ''تو اینگو بیا'' (آپ یہاں آؤ)۔

جملہء بیان:

اگہ جملہ کم از کم دولبزانی سرا ببراَنت گڈا آوتی مطلب ءَ گیشینیت، وگرنہ، چوں کہ ''احمد شُت'' (احمد گیا) یک جملہ انت، کہ دولبزانی سرا انت، اے جملہء تہا احمد اسم فاعل انت، و ''شُت'' فعل لازم انت، لہٰذا چاے جملہء روء چے ماں اے آسرء سرا رسیں کہ فعل و اسم فاعل دوئیں جوڑ بنت و یک جملہ ءَ جوڑ کنت۔

اگہ جملہء تہا فعل کہ کارمرز کنگ بوتگ آ متعدی انت گڈا آ جملہ ءَ بلکیں سےء چے گیش لبزانی ءَ ببر بیت، چوکہ

''احمدءَ مارءَ را کشت'' (احمد نے سانپ کو مار ڈالا)

اے جملہء ترکیب اے وڑء انت۔

احمدؔ:۔ اسم فاعل (ءَ) علامتِ فاعل

مارؔ:۔ اسم مفعول (ءَرا) علامتِ مفعول

کشت:۔ فعل متعدی

(کشک مصدرءَ چے 'کشت' فعل ماضی انت)

الفاظ کا وہ مجموعہ کہ جس سے کوئی بات سمجھ میں آجائے جملہ کہلاتا ہے۔ جیسا کہ

''احمد شُت'' (احمد گیا)، ''تو اینگو بیا'' (آپ یہاں آؤ)

جملے کا بیان

اگر جملہ کم از کم دو لفظوں پر مشتمل ہے تو وہ اپنا مطلب بخوبی ادا کرسکتا ہے۔ ورنہ نہیں۔ جیسا کہ ''احمد شُت'' (احمد گیا) ایک جملہ ہے کہ جو دو لفظوں پر مشتمل ہے۔ اس جملہ میں "احمد" اسم فاعل ہے اور "شُت" فعل لازم ہے۔ لہٰذا اس جملہ کی رو سے ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ فعل اور اسم فاعل ملکر جملہ بنتا ہے۔

اگر جملہ میں جو فعل استعمال ہوا ہے وہ متعدی ہے تو وہ جملہ تین بلکہ تین سے زائد لفظوں پر مشتمل ہوگا جیسا کہ

''احمدءَ مارءَ را کشت'' (احمد نے سانپ کو مار ڈالا)

اس جملہ کی ترکیب یوں ہوئی ہے۔

احمدؔ:۔ اسم فاعل (ءَ علامتِ فاعل)

مارؔ:۔ اسم مفعول (ءَرا علامتِ مفعول)

کشت:۔ فعل متعدی

(کشک مصدر سے 'کشت' فعل ماضی ہے)

سبق ۷۸

بلوچی زبان میں ھمزہ (ء) کا استعمال

بلوچی میں ھمزہ "ء" کا استعمال بڑی اہمیت کا حامل ہے۔اور یہ کئی طرح سے کام میں لایا جاتا ہے چنانچہ حسب ذیل علامات کو واضح کرنے کے لئے "ء" کا استعمال ضروری ہے۔

۱۔ حالت فاعلی کو ظاہر کرنے کے لئے "ء" استعمال ہوتا ہے۔جیسے "احمدء نان وارت" یہاں احمد فاعل ہے احمد کے بعد ھمزہ استعمال ہوا ہے وہ حالت فاعل کو ظاہر کرتا ہے۔

۲۔ حالت مفعولی کو ظاہر کرنے کے لئے بھی "ء" استعمال ہوتا ہے۔لیکن اس کے بعد "را" کا آنا ضروری ہے۔بعض اوقات یہ "را" حذف بھی ہوتا ہے جیسے احمدء مارء راکشت۔اس جملہ میں "مار" کے بعد "ء" علامت مفعولی کو ظاہر کرتا ہے کہ جس کے فوراً بعد "را" استعمال ہوا ہے۔ اس جملہ کو یوں ادا کرنا بھی درست ہے۔"احمدء مار کشت" (احمد نے سانپ کو مار ڈالا)۔

۳۔ ظرف زماں وظرف مکاں کے بعد بھی "ء" استعمال ہوتا ہے۔جیسا کہ "من لوگء رواں" (میں گھر جاتا ہوں۔ یہاں "لوگ" ظرف مکان ہے۔کہ جس کے بعد "ء" استعمال ہوا،"احمد ساعت یازدہء کیت" (احمد گیارہ بجے آئے گا) اس جُملہ میں "ساعت یازدہ" ظرف زماں ہے۔جس کے فوراً بعد "ء" کا استعمال ہوا ہے۔

۴۔ "ء" ھمزہ کسرہ کے ساتھ، بلوچی میں علامت اضافی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔یہی علامت اردو میں کا۔کے۔کی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔اور انگریزی میں "OF" کے مفہوم میں ادا کیا جاتا ہے۔مثلاً "احمدء پت" (احمد کا باپ)، "احمدء زر" (احمد کے پیسے)، "احمدء کتاب" (احمد کی کتاب)۔

نوٹ: فارسی اور عربی میں بھی مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔ جیسے کہ فارسی میں کہتے ہیں۔ "کتاب" کو بالکسر پڑھتے ہیں۔ اسی طرح عربی میں کہتے ہیں "رب الکعبہ"۔ اس جملہ میں "الکعبہ" مضاف الیہ اور مجرور ہے۔ اسی مناسبت سے بلوچی میں اضافت کا اظہار "ءِ" کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ بعض احباب اس اضافت کے مفہوم کو "یای" تنکیر سے ادا کرنے کو ترجیح دیتے ہیں اور اس اضافت کو یوں لکھنے پر مصر ہیں۔ "احمدے کتاب" (احمد کی کتاب)، فارسی میں اس "ے" کو یائی تنکیر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ "مردے "ایک مرد" کتابے "ایک کتاب، بلوچی زبان کے بیشتر لکھنے والے یای تنکیر کو اسی معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں جو درست ہے۔

(۵) "ءُ" حرف عطف کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، جبکہ اس پر ضمہ یعنی "ُ" لگا دیتے ہیں، جیسا کہ "احمدءُ اسماعیل شُتت" (احمد اور اسماعیل چلے گئے)۔ بعض لوگ حرف عطف کو اس طرح بھی ادا کرتے ہیں کہ "و" پر "ء" لکھ دیتے ہیں جیسا کہ "احمد وٗ اسماعیل شُتت" (احمد اور اسماعیل چلے گئے)۔

مشقی سوالات

سوال نمبر ۱: فعل کی قسمیں اور ان کی مختصر تعریف بیان کریں؟

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل جملوں میں ان کے فعل کی ساخت بتائیں اور ان کا بلوچی میں ترجمہ کریں؟

۱۔ کیا عطا نے کھایا ہے	۲۔ میں نے کل رات کو دودھ پیا
۳۔ تم سب مارے گئے	۴۔ آٹے کی پانچ بوریاں چوری ہوئی
۵۔ تم سب کھا رہے تھے	۶۔ آج میں بیمار نہ ہوتا

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل جملوں میں ان کے فعل ساخت بتائیں اور اردو میں ترجمہ کریں؟

۱۔ بدنیت پہ وتی مُزءَ روت	۲۔ مروچی میں چوں حیران نہ بوتگوں
۳۔ زی گوشت کپے وارتگ	۴۔ مروچی من کراچی ءَ رواں
۵۔ دروازگ ءَ بندکن بیا	۶۔ آ شپ کہ قبرپگ انت ڈن نہ بیت

سبق ۷۹

جُملہ کو سوالیہ بنانا

سوالیہ جملہ کی تعریف۔ ایسا جملہ جس کے شروع میں سوالیہ لفظوں میں سے کوئی لفظ لگایا جائے سوالیہ جملہ کہلاتا ہے۔ مثلاً " کجا روگائے ؟" اس جملہ میں " کجا" سوالیہ لفظ ہے۔ (کہاں جا رہے ہوں؟)

سوالیہ جملے بنانے والے لفظوں کی چند مثالیں

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
چے	کیا	کئے	کون	پرچا، پرچیا	کیوں
کدی	کب	کجا	کہاں	چوں	کیسے
کجام	کونسا	چنچو	کتنا	چنکس	کتنا
کئی	کس کا	چونیں	کیسا	کئے ء	کس نے

سوالیہ جملوں کا استعمال

بلوچی	اردو
اے کئی لوگ انت؟	یہ کس کا گھر ہے؟
آ پرچا گریوگا ئت؟	وہ کیوں رو رہا ہے؟
شا کدی شام ورات؟	آپ کب رات کا کھانا کھاؤ گے؟
تئی پت چے کار کنت؟	آپ کے والد کیا کام کرتے ہیں
تئی چنکس براس انت؟	آپ کے کتنے بھائی ہیں؟
تو کجا روگ ائیں؟	آپ کہاں جا رہے ہو؟
تئی کیسگ ء چنکس زرانت؟	آپ کی جیب میں کتنے پیسے ہیں؟
اے دوکان کئے ء گپتگ؟	یہ دکان کس نے خریدی ہے؟
رزاق چونیں مردے انت؟	رزاق کیسا آدمی ہے؟

سبق ۸۰

مصدر کا بیان

مصدر وہ اسم ہے جس میں کسی کام کا ہونا بلاتعین وقت کے ہو یعنی اس میں زمانہ نہ پایا جائے۔ اردو میں مصدر کے آخر میں ہمیشہ "نا" استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کرنا۔ ہونا لکھنا وغیرہ وغیرہ لیکن بلوچی زبان میں مصدر کے آخر میں "گ" استعمال ہوتا ہے مثلاً "روگ" (جانا) "نندگ" (بیٹھنا) "تچگ" (بھاگنا) "وانگ" (پڑھنا)

بلوچستان کے مشرقی علاقوں میں مصدر کی علامت "گ" کی بجائے "غ" سے لکھنے کا دستور مروج ہوگیا ہے۔ جیسے "روغ" (جانا)، "نندغ" (بیٹھنا)، تچغ (بھاگنا)، "وانغ" (پڑھنا) وغیرہ وغیرہ اس کے برعکس مغربی علاقوں میں بلوچی زبان کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے جو حرف "غ" اور دوسرے عربی حرفوں کو بلوچی ابجد سے خارج کرنے پر تلا ہوا ہے اور یہ بونڈی دلیل بطور حجت پیش کرتا ہے کہ بلوچ عوام ان حرفوں کو اپنے مخارج میں ادا کرنے سے عاجز اور قاصر ہیں اس لئے وہ "غازی" کو "گازی" اور سوغات کو "سوگات" لکھنے پر اصرار کرتے ہیں۔ حالانکہ اصولاً یہ نظریہ غلط اور تنگ نظری پر مبنی ہے جس سے جہالت اور بے بصارتی کی بو آتی ہے۔

اردو کی طرح ان ہی مصادر سے بلوچی زبان کے فعل ماضی، حال اور مستقبل کے صیغے بنتے ہیں۔ جیسے مصدر "دیگ" (دینا) سے "دات" فعل ماضی ہے اور "دنت" فعل حال و مستقبل ہے۔ اسی طرح مصدر "روگ" (جانا) سے، فعل ماضی "رفت" اور فعل حال و مستقبل "روت" ہے۔ اسی مصدر کا فعل ماضی "شُت" بھی بولا جاتا ہے مگر یہ فعل قیاسی نہیں بلکہ سماعی ہے۔

مصادر کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
مروچاں وانگ ءُ نبیسگ ءِ رواج باز انت	آج کل پڑھنے لکھنے کا بہت رواج ہے
نان ءِ دیگ مزنیں ثواب انت	روٹی کا دینا بڑا ثواب ہے
خیرات و صدقہ کنگ خداءِ دوست بیت	خیرات اور صدقہ کرنا اللہ کو پسند ہے
دین ءِ دربرگ پہ مارا لازم انت	دین کا سیکھنا ہمارے لئے لازمی ہے

سبق ۸۱
فعل نفی کا بیان

جس طرح اردو زبان میں فعل کے شروع میں "نہ" یا "نہیں" لگانے سے فعل منفی ہوتا ہے اسی طرح بلوچی زبان میں فعل کے شروع میں "نہ" یا "نیست" یا "انا" کے لگانے سے فعل منفی بن جاتا ہے۔ ان میں "نہ" اور "نیست" مطلق نفی کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے "من نہ رواں" (میں نہیں جاتا ہوں) "من نہ چاراں" (میں نہیں دیکھتا ہوں) "تو نہ وانئے" (تم نہیں پڑھتے ہو) "چُک ءِ وفا نیست انت" (بچے کو وفا نہیں)

نفی کے معنی میں "انا" اس وقت استعمال ہوتا ہے جب اسے کسی سوال میں جواب کے طور پر استعمال کیا جائے۔ مثلاً "زانا تو نہ روئے" (کیا تم نہیں جاتے ہو) تو اس سوال کا جواب یوں دیا جاتا ہے "انا من نہ رواں" (نہیں میں نہیں جاتا ہوں) دوسرے لفظوں میں بلوچی میں "انا" کا لفظ نفی تاکید کے لئے کام لایا جاتا ہے۔

بلوچی زبان میں فعل نہی کے لئے "مہ" (مت) منع کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے "مہ ور" (مت کھا) "مہ کن" (مت کر) "مہ وپس" (مت سو) "مہ تر" (مت گھومو) "مہ جن" (مت مار) "مہ وان" (مت پڑھو)، دوسرے لفظوں میں بلوچی میں "مہ" کا لفظ نفی امری (نہ کرنے کے حکم کے طور پر کام میں لایا جاتا ہے۔ مندرجہ بالا لفظوں کو ملا کر یوں بھی لکھا جاتا ہے، مور، مکن، متر، مجن، موان

فعل نفی کا جملوں میں استعمال

بلوچی	اردو
